
# 2024 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ میں تقریباً دو تہائی (61%) کاروباری ادارے آنے والے وقت میں اپنے کاروباری حالات / کارکردگی کی بہتری کے حوالے سے پراُمیدنظر آئے

یہ شرح 2024 کی دوسری سہ ماہی رپورٹ کی نسبت 19% زیادہ رہی ۔






کاروبار کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ ماضی کی نسبت آنے والا وقت کاروبار کے حوالے سے کیسا ہو گا ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز
رائے عامہ سروے
**معیشت**
عمومی

## 2024 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ میں تقریباً دو تہائی (61%) کاروباری ادارے آنے والے وقت میں اپنے کاروباری حالات / کارکردگی کی بہتری کے حوالے سے پرُامید نظر آئے۔ یہ شرح 2024 کی دوسری سہ ماہی رپورٹ کی نسبت 19% زیادہ رہی۔


(گیلپ پاکستان بزنس کانفیڈنس انڈکس)،
(اسلام آباد)، 27 فروری، 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 2024 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ میں تقریباً دو تہائی (61%) کاروباری ادارے آنے والے وقت میں اپنے کاروباری حالات / کارکردگی کی بہتری کے حوالے سے پرُامید نظر آئے، یہ شرح 2024 کی دوسری سہ ماہی رپورٹ کی نسبت 19% زیادہ رہی۔

بزنس کانفیڈنس سروے Q4 2024 کی مکمل رپورٹ حاصل کرنے کے لیے، براہ مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب کاروباری اداروں سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کاروبار کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ ماضی کی نسبت آنے والا وقت کاروبار کے حوالے سے کیسا ہو گا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 13% کاروباری اداروں کے مطابق آنے والا وقت اُن کے کاروبار کے حوالے سے بہت اچھا ہو گا، 48% کاروباری اداروں کے مطابق اچھا ہو گا، 27% کاروباری اداروں کے مطابق خراب ہو گا، جبکہ 13% کاروباری اداروں کے مطابق آنے والا وقت اُن کے کاروبار کے حوالے سے بہت خراب ہو گا۔


**"کاروبار کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ ماضی کی نسبت آنے والا وقت کاروبار کے حوالے سے کیسا ہو گا؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

پروڈکٹ بنانے والے کاروباری ادارے مستقبل کے حوالے سے سب سے زیادہ پرُامید نظر آئے۔ پروڈکٹ بنانے والے کاروباری اداروں کی 70% شرح مستقبل میں اپنے کاروباری حالات کے حوالے سے مثبت توقعات رکھتی ہے، جبکہ سروسز فراہم کرنے والے کاروباری اداروں میں اس حوالے سے شرح 63% اور تجارت کرنے والے کاروباری اداروں میں یہ شرح 61% دیکھنے میں آئی۔


کاروباری لحاظ سے نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

آنے والے وقت میں کاروباری حالات کا نیٹ اسکور ('اچھا/بہت اچھا' منفی 'برا/بہت برا') چوتھی سہ ماہی میں یہ شرح 22% رہی، اس میں دوسری سہ ماہی کی نسبت 36% کی بہتری دیکھنے میں آئی (14%- اسکور)۔

## تقابلی جائزہ




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 482 کاروباری اداروں سے 21 جنوری تا 28 جنوری 2025 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**
_The Pakistani Affiliate of Gallup International_

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 27th February 2025**

_(3 Pages, Urdu version only)_

**_Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe._**

_Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan._

_If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us._

_Best Regards,_
_Gallup Pakistan_

**_Disclaimer:_** _Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com_

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)